پریس ریلیز

گوجرانوالہ28اگست 2023ء

ڈی سی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل کی زیر صدارت شہر کی تعمیر وترقی کے سلسلہ میں مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا جس میں صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس شیخ فیصل ایوب،صدر واپڈا ٹاؤن ایسوسی ایشن میاں ثاقب غفورودیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔فیاض احمد موہل نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اجلاس کا مقصد شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینا ہے۔انہوں نے کہا کہ مستقبل میں شہر کیلئے کچھ ایسے منصوبے ہیں جو بزنس کمیونٹی، ہاؤسنگ سوسائٹیز اور ضلعی انتظامیہ مل کر کرنا چاہتی ہے ان منصوبوں میں اہم مقامات پر سڑک عبور کرنے کیلئے پیڈسٹیرین برج ،موٹرسائیکلوں کے گزرنے کے بریجز کی تعمیر کے علاوہ واپڈا ٹاؤن کے قریب انڈر پاس کی تعمیر سرفہرست ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ کاروباری برادری اور واپڈا ٹاؤن کے قریب تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز ان منصوبوں کی تکمیل کرے تا کہ ٹریفک کے مسائل کو کم سے کم اور شہریوں کو سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب اور صدر واپڈا ٹاؤن ایسوسی ایشن میاں ثاقب غفور نے مشترکہ طور پر کہا کہ ہمارے شہر کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں پروگریسو ڈی سی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل تعینات ہیں۔آج کے مشاورتی اجلاس میں شہر کی تعمیر وترقی کیلئے جن منصبوبوں پر کام کرنے کیلئے کہا گیا ہے بلاشبہ ان منصبوں کی تکمیل وقت کی اشد ضرورت ہے انہوں نے مزید کہا کہ ان تمام منصوبوں کیلئے فریم ورک تیار کیا جائے کہ ان منصوبوں کے کیا اخراجات ہیں اور ان منصوبوں کو کتنے وقت میں مکمل کیا جاسکتا ہے۔ضلعی انتظامیہ، بزنس کمیونٹی اور واپڈا ٹاؤن سمیت دیگر ہاؤسنگ سوسائٹیز شہری کو سہولت دینے کیلئے انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرنے کو تیار ہے۔